**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS IX**

**ANNUAL EXAMINATIONS (THEORY) 2025**

**Urdu Compulsory Paper II**

**Time: 2 hours 10 minutes    Marks: 45**

AKU-EB
Annual Examinations 2025
for Teaching & Learning only

## ہدایات

**درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔**

1۔ آپ اپنا نام اور اپنے اسکول سے متعلق کوائف کو غور سے پڑھیے اور اگر وہ درست ہیں تو دستخط کیجیے۔

| |
|---|
| **میں تصدیق کرتا/کرتی ہوں کہ میرا اور میرے اسکول کا نام درست ہے۔** <br> **امیدوار کے دستخط** |

**خصوصی ہدایت**

2۔ اس پرچے میں کل **پانچ** سوالات ہیں۔ تمام سوالوں کے جوابات دیجیے۔

3۔ اپنے جوابات لکھتے وقت ان باتوں کا خیال رکھیے:

ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

اپنا جواب تحریر کرنے کے لیے سیاہ روشنائی کا استعمال کیجیے۔ اپنے جوابات تحریر کرتے وقت پنسل کا استعمال نہ کیجیے۔

شکل کے لیے سیاہ پنسل استعمال کیجیے۔ رنگین پنسل ہرگز استعمال نہ کیجیے۔

کسی بھی قسم کی پِن، گوند یا سیاہی مٹانے والی کوئی بھی چیز استعمال نہ کیجیے۔

اپنا جواب صرف دی گئی سطور میں مکمل کیجیے۔ صفحے کے چَوکھٹے (باکس) کے باہر کچھ نہ لکھیے۔

4۔ ہر سوال کے نمبر قوسین () میں دیے گئے ہیں۔

**حصہ ٔ نثر:**

سوال۔1 (کل 7 نمبر)

(الف) ’’پڑھنا آتا ہو تو کتاب ہاتھ میں لی، جس ملک کی چاہا سیر کر آئے۔ پڑھنا حاضرات کا ایک عجیب و غریب علم ہے، جس کو چاہا پکڑ بلایا اور اُسی سے باتیں کرنے لگے۔‘‘ (مجموعہ ٔ نظم و نثر: ’صبح خیزی اور پڑھنے کے فائدے‘ از: ڈپٹی نذیر احمد)

درج بالا نثر پارے کے مفہوم کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے خط کشیدہ حصوں کی وضاحت کیجیے۔ (2 نمبر)

(ب) آپ کی درسی کتاب ’مجموعہ ٔ نظم و نثر‘ میں موجود سبق ’قائدِ اعظم اور نظم و ضبط‘ اردو ادب کی کس صنف سے تعلق رکھتا ہے؟ نیز اُس صنف کی تعریف بیان کیجیے۔ (2 نمبر)

AKU-EB Annual Examinations 2025 for Teaching & Learning only

(ج) ''میرے دوست احمد مرزا ہیں، جنھیں میں بھڑ بھڑیا دوست کہتا ہوں۔ یہ نہایت معقول آدمی ہیں اور میری ان کی دوستی نہایت پرانی اور بے تکلفی کی ہے، مگر حضرت کی خلقت میں یہ داخل ہے کہ دو منٹ نچلا نہیں بیٹھا جاتا۔ جب آئیں گے شور مچاتے ہوئے، چیزوں کو الٹ پلٹ کرتے ہوئے۔ غرض! کہ ان کا آنا بھونچال کے آنے سے کم نہیں ہے۔''

(مجموعہ ٔنظم ونثر: 'مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ' از: سجاد حیدر یلدرم)

درج بالا اقتباس میں مذکور دوست کی کیفیت کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے آپ اپنے کسی ایسے ہی بھڑ بھڑیا (بہت بے تکلف، بغیر سوچے سمجھے بولنے والے) دوست سے متعلق کوئی ایسا واقعہ تحریر کیجیے کہ جس میں اُس کے بھڑ بھڑیا ہونے کی عکاسی ہوتی ہو۔ (3 نمبر)

AKU-EB
Annual Examinations 2025
for Teaching & Learning only

**حصۂ نظم:**

سوال۔2 (کل 8 نمبر)

(الف) مجموعۂ نظم و نثر (درسی کتاب) میں شامل نظم 'صبح کا منظر' بہ لحاظِ ہیئت (ساخت) نظم کی کس صنف سے تعلق رکھتی ہے؟ نیز اُس صنف کی تعریف بیان کیجیے۔ (2 نمبر)

(ب) آپ کی درسی کتاب 'مجموعۂ نظم و نثر' میں شامل نظم 'مال گودام روڈ' کے شاعر کا حوالہ دیتے ہوئے اس نظم کا مرکزی خیال تحریر کیجیے۔ نیز نظم سے اس مرکزی خیال کی وضاحت کیجیے۔ (3 نمبر)

AKU-EB Annual Examinations 2025
for Teaching & Learning only

(ج)

عبادت ہے سراپا جذبۂ تعمیرِ آزادی
شہادت مستقل اِک سرخیٔ تحریرِ آزادی
جہاں آزاد کرسکتے نہ ہوں تقریرِ آزادی
وہ آزادی مری نظروں میں ہے تحقیرِ آزادی

(مجموعۂ نظم ونثر: 'آزادی' از: احسان دانشؔ)

درج بالا اشعار کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے آزادی کی قدر و قیمت پر **تین** نکات تحریر کیجیے۔ (3 نمبر)

AKU-EB
Annual Examinations 2025
for Teaching & Learning only

## تبصرہ نگاری:

سوال۔3 (کل 7 نمبر)

**پرندوں کو دانہ پانی دینا:** گرمی کے موسم میں آپ نے اکثر پرندوں کو مرا ہوا دیکھا ہوگا۔ بعض پرندے اڑتے اڑتے اچانک گر پڑتے ہیں۔ یہ پیاس کی شدت کی وجہ سے ہی گرتے ہیں اور مر جاتے ہیں۔ (https://www.urduweb.org)

درج بالا اقتباس کے پس منظر میں پرندوں کو دانہ پانی دینے کے حوالے سے تبصرہ کرتے ہوئے درج ذیل نِکات شاملِ تحریر کیجیے:

- پرندوں کے سبب ہمارے ماحول کا خوب صورت نظر آنا،
- آپ کے یہاں اُڑتے پھرتے زیادہ تر نظر آنے والے کوئی بھی **چار** پرندے،
- پرندوں کے لیے دانہ پانی کا انتظام کرنے کے حوالے سے کوئی **دو** طریقے / تجاویز۔

AKU-EB Annual Examinations 2025 for Teaching & Learning only

## تخلیقی تحریر:

سوال۔4 (کل 15 نمبر)



دیے گئے تصویری خاکے کے پس منظر میں **کہانی یا روداد** تحریر کیجیے۔

AKU-EB Annual Examinations 2025 for Teaching & Learning Only

**ہدایات:**

1۔ **کہانی نویسی / روداد نویسی** کے اہم عناصر ملحوظ رکھیے۔ نیز اپنی تحریر کو عنوان دیجیے۔

2۔ دورِ حاضر کے واقعات کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے، اولاد کی جانب سے اپنے والدین کا ادب بہ جا لانے کی مثال پیش کرتے ہوئے اُس ادب کا طرزِ عمل بھی شاملِ تحریر کیجیے۔

3۔ تصویر کی جزئیات کا بہ غور جائزہ لیتے ہوئے اولاد کے باادب ہونے پر والدین کی خوشی واضح کیجیے۔ نیز باادب اولاد کی وجہ سے معاشرے پر پڑنے والے اثرات کے تناظر میں تحریر کا احاطہ کیجیے۔

4۔ طنز و مزاح کی خوبی کو اپنی تحریر کا حصہ بنائیے۔

5۔ لکھنے کے لیے جس صنف کا انتخاب کریں اُس پر (✓) کا نشان لگائیے۔

**کہانی / روداد**

**عنوان:**____________________

AKU-EB Annual Examinations 2025
for Teaching & Learning only

AKU-EB
Annual Examinations 2025
for Teaching & Learning only

براہِ کرم صفحہ پلٹیے

**غیر رسمی خط:**

سوال۔5 (کل 8 نمبر)

فرض کیجیے! آپ کے ایک دوست / آپ کی ایک سہیلی کو جھوٹ بولنے کی بہت عادت ہے۔ جس کی وجہ سے اکثر اُسے شرمندگی کا بھی سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اور تو اور اب لوگوں کا بھی اُس پر سے اعتماد اُٹھنے لگا ہے۔ لٰہذا اب آپ نے اُس کی اصلاح کے لیے اُسے خط لکھنے کا ارادہ کیا ہے، تاکہ وہ تسلی سے آپ کی بات سمجھ سکے۔

دی گئی فرضی صورتِ حال کے پس منظر میں آپ اپنے مذکورہ بالا دوست / اپنی سہیلی کے نام خط لکھیے، جس میں اُس کے حوالے سے درج ذیل نِکات شاملِ تحریر ہوں:

- جھوٹ بولنے سے متعلق کوئی واقعہ،
- بولے گئے جھوٹ کے بعد سچ سامنے آنے پر شرمندگی،
- آپ کے دوست / آپ کی سہیلی پر سے لوگوں کا اُٹھتا ہوا اعتماد،
- جھوٹ سے بچنے اور سچ کی عادت اپنانے کے حوالے سے نصیحت / تجویز۔

AKU-EB Annual Examinations 2025 for Teaching & Learning only

AKU-EB Annual Examinations 2025
for Teaching & Learning only

اختتام

# Please use this page for rough work

AKU-EB
Annual Examinations 2025
for Teaching & Learning only